بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

إِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا

مشتاقانِ توقیت کے لیے جواہر و یواقیت

یعنی

منار التوقیت

مؤلفہ

حضرت بحر العلوم مفتی سید محمد افضل حسین مونگیری مدظلہ

مفتی جامعہ قادریہ رضویہ (ٹرسٹ)

محلہ مصطفٰے آباد، سرگودھا روڈ، فیصل آباد

تصنیفات حضرت بحر العلوم مدظلہ الاقدس

زبدۃ القواعد (قواعد فارسی)
ہدایۃ الصرف
تکمیل الصرف
ہدایۃ النحو
دراسۃ النحو
ہدایۃ المنطق
منہاج المنطق
ہدایۃ الحکمۃ
التوضیح المقبول فی الحاصل والمحصول
الجواہر الصافیہ من فوائد الکافیہ
البیان السامی فی شرح دیباجۃ الجامی
وقایۃ النحو فی ہدایۃ النحو (حاشیہ ہدایۃ النحو)
ترجمہ عبد الرسول شرح مائۃ عامل منظوم

مرقاۃ الفرائض (عربی)
عمدۃ الفرائض (اردو)
مصباح السلم شرح سلم العلوم
مفتاح التہذیب شرح تہذیب المنطق
معین اللبیب فی حل شرح التہذیب
تعلیقات علی القطبی
توضیح الافلاک
زبدۃ التوقیت
منار التوقیت
معیار الاوقات
ہدایۃ التقویم [1]
البراہین الہندسیۃ علی الخطوط العشرۃ
میزان الدائرۃ والبیر

التوضیح المنیر فی مبحث المثناۃ بالتکریر
توضیح الحجۃ الاولی من شرح الشیرازی
السعی المشکور فی مبحث الشک المشہور
القول الاسلم فی مبحث الحسن والقبیح من المسلم
دلچسپ مسائل عسیرہ کا حل بطریق جبر و مقابلہ
احسن الاحادیث فی تجوز التلامید
رویت ہلال
عید میلاد اور چراغاں
منظر الفتاوی
رد خلافت یزید
حج پاسپورٹ میں فوٹو کا شرعی حکم
احسن الفتاوی
صبح و شفق

سید محمد احمد منیجر مکتبہ قادریہ رضویہ فیصل آباد

[1] ہدایۃ التقویم اس کتاب میں ہجری تاریخوں سے عیسوی تاریخیں، اور عیسوی تاریخوں سے ہجری تاریخیں معلوم کرنے کے قواعد اور دونوں قسم کی تاریخوں کے دن معلوم کرنے کے قواعد مذکور ہیں۔ ۱۲ منہ

علم توقیت فرض کفایہ ہے

امام احمد رضا بریلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ علم توقیت بھی ایک ایسا فن ہے کہ اس کے جاننے والے بھی معدوم ہیں، حالانکہ ائمہ دین نے اسے فرض کفایہ بتایا ہے۔ علماء موجودین میں تو کوئی اتنا بھی نہیں جانتا کہ فلاں دن آفتاب کب طلوع ہوگا؟ اور کب غروب؟
بہت سی عمر گزر گئی، تھوڑی باقی ہے جن اصحاب کو جو کچھ لینا ہو وہ حاصل کرلیں سلونی قبل ان تفقدونی۔ حضرت مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ الکریم کا ارشاد گرامی ہے اور شیخ سعدی علیہ الرحمہ کا قول بالکل صحیح ہے:
"قدر نعمت پس از زوال بود" (الملفوظ حصہ اول ص۱۰)

اور اپنے ایک مکتوب میں ارشاد فرماتے ہیں: امام ابن حجر مکی علیہ الرحمہ نے زواجر میں اس علم (توقیت) کو فرض کفایہ لکھا ہے۔ اب ہند بلکہ عامہ بلاد میں یہ علم علماء بلکہ عامہ مسلمین سے اٹھ گیا۔
فقیر نے بتوفیق قدیر اس (علم) کا احیاء کیا اور سات صاحب بن پائے جن میں سے بعض نے انتقال کیا۔ اکثر ان کی صحبت سے چھوڑ بیٹھے۔ (المیزان ص۵۶۷)

مکتوبات کے مرتب مولانا مصطفیٰ علی خاں صاحب مکتوبات گرامی کو نقل کر کے "المیزان" کے ص۵۶۷ پر فرماتے ہیں کہ آپ اپنے زمانہ میں علم توقیت سے لوگوں کی عدم توجہی پر ماتم کناں ہیں اور اس علم کی اہمیت پر زور دینے کے لئے فرماتے ہیں کہ امام ابن حجر مکی علیہ الرحمہ نے زواجر میں اس علم کو فرض کفایہ لکھا ہے۔ آج کی ہماری علمی درسگاہیں جنہیں ہم دار العلوم کہتے ہیں اس علم سے کس قدر بے خبر ہیں (الیٰ آخرہ) (المیزان ص۵۶۷)

(قول) کاش آج بھی علماء وطلباء اس علم کی طرف توجہ دیں اور اس علم کو نصاب میں داخل کرلیں، تو اعلیٰ حضرت عظیم البرکت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ فیض عام سے عام تر ہو جاتے اور ان کی روح پُر فتوح کو بے حد مسرت حاصل ہو۔ فقط۔ (مفتی سید محمد افضل حسین غفرلہ)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ الذی خلق الانسان ÷ وشرفہ بالحکمۃ والایمان ÷
وجعل الشمس والقمر بحسبان ÷ والصلوٰۃ والسلام علی سید الانس والجان ÷
وعلی آلہ واصحابہ ما تعاقبت الملوان ÷ اما بعد آج سے اٹھارہ سال پہلے
میں نے علم توقیت میں ایک مختصر کتاب لکھی تھی جس کا نام زبدۃ التوقیت ہے۔ مختصر ہونے کے
وجہ داس کتاب سے صدہا بندگان خدا مستفید ہوئے۔ اب اس علم میں ایک مبسوط کتاب لکھنے
کا ارادہ ہے جس کا نام منار التوقیت ہوگا۔ اللہ تعالیٰ سے تکمیل و اتمام کی دعا ہے وھو الموفق
والمعین والحمد للہ رب العلمین۔ والصلوٰۃ والسلام علی خاتم النبیین وعلی آلہ و
صحبہ اجمعین وکان ذلک فی السنۃ الاولیٰ من المائۃ الخامسۃ عشرۃ من
ھجرۃ سید المرسلین علیہ وعلی آلہ الصلوٰۃ والسلام الی یوم الدین۔

تعدیل مروج ٹائم

ہر ملک کا مروج ٹائم جداگانہ ہے چنانچہ گرینچ ٹائم کے مطابق جب ایک بجتا ہے تو پاکستان
کے مروج ٹائم کے مطابق چھ بجتے ہیں اور ہندوستان کے مروج ٹائم کے مطابق ساڑھے چھ بجتے ہیں
در بنگلہ دیش کے مروج ٹائم کے مطابق سات بجتے ہیں۔ یعنی گرینچ ٹائم سے پاکستان کے مروج ٹائم کا
فرق پورے پانچ گھنٹہ ہے اور ہندوستان کے مروج ٹائم کا فرق ساڑھے پانچ گھنٹہ اور بنگلہ دیش
کے مروج ٹائم کا فرق چھ گھنٹہ اور برما کے مروج ٹائم کا فرق ساڑھے چھ گھنٹہ۔ اس تمہید کے بعد تعدیل
مروج ٹائم کا قاعدہ یہ ہے کہ طول البلد کو چار میں ضرب دیکر حاصل ضرب میں درجہ کو منٹ
اور دقیقہ کو سیکنڈ مان کر یہ دیکھیے کہ مروج ٹائم کا فرق حاصل ضرب کے برابر ہے یا دونوں میں
کچھ تفاوت ہے۔ اگر حاصل ضرب اور مروج ٹائم کا فرق باہم برابر ہوں تو تعدیل مروج ٹائم منفی ہے
یعنی بلدی ٹائم مروج ٹائم کے بالکل برابر ہے۔ اور اگر دونوں میں کچھ تفاوت ہو تو قدر تفاوت
مروج ٹائم کی تعدیل ہے لیکن تعدیل کبھی زائد ہوتی ہے اور کبھی ناقص۔ تفصیل یہ ہے کہ
طول البلد شرقی ہو اور حاصل ضرب سے مروج ٹائم کا فرق زائد ہو تو تعدیل مروج ٹائم

زائد ہے ۔ اور طول البلد شرقی ہو اور حاصل ضرب سے مروج ٹائم کا فرق کم ہو تو تعدیل مروج ٹائم ناقص ہے ۔ مثلاً بریلی شریف کا طول البلد شرقی ۷۹ درجہ ۲۷ دقیقہ ہے اس کو چار میں ضرب دے کر حاصل ضرب میں درجہ کو منٹ اور دقیقہ کو سیکنڈ ماننے سے پانچ گھنٹہ ۱۷ منٹ ۴۸ سیکنڈ ہوئے جس سے ہندوستان کے مروج ٹائم کا فرق ۱۲ منٹ ۱۲ سیکنڈ زائد ہے اس لئے بریلی شریف کے لئے ۱۲ منٹ ۱۲ سیکنڈ تعدیل مروج ٹائم زائد ہے ۔ دوسری مثال مونگیر کا طول البلد شرقی ۸۶ درجہ ۳۰ دقیقہ ہے اس کو چار میں ضرب دیکر حاصل ضرب میں درجہ کو منٹ اور دقیقہ کو سیکنڈ ماننے سے پانچ گھنٹہ ۴۶ منٹ ہوئے جس سے ہندوستان کے مروج ٹائم کا فرق ۱۶ منٹ کم ہے ۔ اس لئے مونگیر کے لئے ۱۶ منٹ تعدیل مروج ٹائم ناقص ہے ۔ تیسری مثال لائلپور کا طول البلد شرقی ۷۳ درجہ پانچ دقیقہ ہے ۔ اس کو چار میں ضرب دیکر حاصل ضرب میں درجہ کو منٹ اور دقیقہ کو سیکنڈ ماننے سے چار گھنٹہ ۵۲ منٹ ۲۰ سیکنڈ ہوئے جس سے پاکستان کے مروج ٹائم کا فرق سات منٹ چالیس سیکنڈ زائد ہے ۔ اس لئے لائلپور کے لئے سات منٹ چالیس سیکنڈ تعدیل مروج ٹائم زائد ہے ۔ اور اگر طول البلد غربی ہو اور حاصل ضرب سے مروج ٹائم کا فرق زائد ہو تو تعدیل مروج ٹائم ناقص ہے اور طول البلد غربی ہو اور حاصل ضرب سے مروج ٹائم کا فرق کم ہو تو تعدیل مروج ٹائم زائد ہے مثلاً ہوسٹن کا طول البلد غربی ۹۵ درجہ ۲۰ دقیقہ ہے اس کو چار میں ضرب دے کر حاصل ضرب میں درجہ کو منٹ اور دقیقہ کو سیکنڈ ماننے سے چھ گھنٹہ ۲۱ منٹ ۲۰ سیکنڈ ہوئے اور اس ملک کے مروج ٹائم کا فرق چھ گھنٹہ ہے اس لئے حاصل ضرب سے اس ملک کے مروج ٹائم کا فرق ۲۱ منٹ بیس سیکنڈ کم ہے اس لئے ہوسٹن کے لئے ۲۱ منٹ بیس سیکنڈ تعدیل مروج ٹائم زائد ہے ۔

دوسرا قاعدہ گرینچ ٹائم سے مروج ٹائم کا فرق معلوم کر کے پندرہ میں ضرب دیجئے اور حاصل ضرب میں گھنٹہ کو درجہ اور منٹ کو دقیقہ مانئے تو یہ مروج ٹائم کا طول البلد ہوگا ۔ اب جس مقام کیلئے تعدیل مروج ٹائم معلوم کرنا ہو اس مقام کے طول البلد کو دیکھئے اگر مروج ٹائم کا طول البلد اس مقام کے طول البلد کے برابر ہے تو تعدیل مروج ٹائم منفی ہے یعنی بعد ٹائم مروج کے برابر ہے ۔ اور اگر دونوں میں تفاوت ہے تو قدر تفاوت کو چار میں ضرب دیکر حاصل ضرب میں درجہ کو منٹ اور دقیقہ کو سیکنڈ ماننے پر مروج ٹائم کی تعدیل ہوگی ، پھر زائد اور ناقص جاننے کا طریقہ یہ ہے کہ اگر طول البلد شرقی ہو اور اس سے مروج ٹائم کا طول البلد کم ہو تو تعدیل مروج ٹائم زائد ہے اور اگر طول البلد شرقی ہو اور اس سے مروج ٹائم کا طول البلد کم ہو تو تعدیل مروج ٹائم ناقص ہے ۔ مثلاً گرینچ ٹائم سے ہندوستان کے مروج ٹائم کا فرق ساڑھے

پانچ گھنٹہ ہے اس کو پندرہ ۱۵ سے ضرب دیکر حاصل ضرب میں گھنٹہ کو درجہ اور منٹ کو دقیقہ ماننے سے ۸۲ درجہ ۳۰ دقیقہ ہوئے تو یہی ہندوستان کے مروج ٹائم کا طول البلد ہے اور چونکہ بریلی شریف کا طول البلد شرقی ۷۹ درجہ ۲۷ دقیقہ ہے اس لئے دونوں میں قدر تفاوت تین درجہ تین دقیقہ ہے اور قدر تفاوت کو چار میں ضرب دیکر حاصل ضرب میں درجہ کو منٹ اور دقیقہ کو سیکنڈ ماننے سے بارہ منٹ بارہ سیکنڈ ہوئے تو بریلی شریف کے لئے یہی مروج ٹائم کی تعدیل ہے اور چونکہ بریلی شریف کا طول البلد شرقی ہے جس سے مروج ٹائم کا طول البلد زائد ہے اس لئے بریلی شریف کے لئے ۱۲ منٹ ۱۲ سیکنڈ تعدیل مروج ٹائم زائد ہے اور اگر طول البلد غربی ہو جس سے مروج ٹائم کا طول البلد زائد ہو تو تعدیل مروج ٹائم ناقص ہے اور اگر طول البلد غربی ہو جس سے مروج ٹائم کا طول البلد کم ہو تو تعدیل مروج ٹائم زائد ہے مثلاً ہوسٹن کا طول البلد غربی ہے جس سے اس ملک کے مروج ٹائم کا طول البلد کم ہے اس لئے ہوسٹن کے لئے تعدیل مروج ٹائم زائد ہے۔

نصف النہار

(۱) نصف النہار مقیاس ٹائم سے ہر ملک اور ہر زمانہ میں ہمیشہ پورے بارہ بجے ہی ہوتا ہے نہ کم نہ زیادہ (۲) مقیاس ٹائم پر تعدیل ایام بڑھانے یا گھٹانے سے بلدی ٹائم بن جاتا ہے یعنی تعدیل ایام زائد ہو تو مقیاس ٹائم میں تعدیل ایام جمع کرنے سے بلدی ٹائم بنے گا اور تعدیل ایام ناقص ہو تو مقیاس ٹائم میں سے تعدیل ایام کم کرنے پر بلدی ٹائم بنے گا۔ (۳) بلدی ٹائم پر تعدیل مروج ٹائم بڑھانے یا گھٹانے سے مروج ٹائم معلوم ہوتا ہے۔ یعنی تعدیل مروج ٹائم زائد ہو تو بلدی ٹائم میں تعدیل مروج ٹائم جمع کرنے سے مروج ٹائم معلوم ہوگا اور تعدیل مروج ٹائم ناقص ہو تو بلدی ٹائم میں سے تعدیل مروج ٹائم کم کرنے پر مروج ٹائم معلوم ہوگا۔ ملاحظہ ہو مثال نمبر ۱، ۲

دوسرا قاعدہ طلوع و غروب کے قواعد آگے مذکور ہونے والے ہیں۔ اُن قاعدوں سے طلوع آفتاب اور غروب آفتاب کے اوقات معلوم کیجئے پھر ان دونوں کے اوقات جمع کر کے تنصیف کیجئے اور تنصیف پر چھ گھنٹہ بڑھا دیجئے (یا) طلوع آفتاب اور غروب آفتاب کے اوقات پر بارہ گھنٹہ بڑھا کر تنصیف کیجئے ملاحظہ ہو مثال نمبر ۳، نمبر ۴، نمبر ۵، نمبر ۶

بصیرت افروز امور

میل شمس جس دائرہ پر آفتاب ۲۱ مارچ اور ۲۳ ستمبر کو آتا ہے اس دائرہ کا نام معدل النہار ہے اور

معدل النہار کے محاذی زمین پر جو دائرہ ہے اس کا نام خط استوا ہے۔ معدل النہار سے شمال یا جنوب کی طرف آفتاب کا رہنا میل شمس کہلاتا ہے۔ ۲۱ مارچ سے ۲۳ ستمبر تک میل شمس شمالی رہتا ہے اور ۲۳ ستمبر سے ۲۱ مارچ تک میل شمس جنوبی رہتا ہے۔ ہر مہینہ کی ہر تاریخ کا میل منارالتوقیت میں ص۵۶ سے ص۹۳ تک درج ہے۔

عرض البلد خط استوا سے شمال یا جنوب کی طرف بلد کا ہونا عرض البلد کہلاتا ہے۔ لہٰذا جو بلد خط استوا پر ہے اس کا عرض البلد صفر ہے اور جو بلد خط استوا سے شمال کی طرف ہے اس کا عرض البلد شمالی ہے اور جو بلد خط استوا سے جنوب کی طرف ہے اس کا عرض البلد جنوبی ہے۔ عرض البلد اٹلس سے معلوم ہوتا ہے۔ اٹلس میں عرض البلد کے خطوط مشرق سے مغرب کی طرف ہوتے ہیں۔

طول البلد آج کل گرینچ کو اصل مان لیا گیا ہے جو لندن سے تین چار میل کے فاصلہ پر ہے۔ جو دائرہ گرینچ کے اوپر سے سیدھا شمالی و جنوب کو گزرتا ہے اس دائرہ سے مشرق یا مغرب کی طرف بلد کا ہونا طول البلد کہلاتا ہے۔ یعنی جو بلد اس دائرہ سے مشرق کی طرف ہے اس کا طول البلد شرقی ہے اور جو بلد اس دائرہ سے مغرب کی طرف ہے اس کا طول البلد غربی ہے۔ دراصل طول البلد معدل النہار کی وہ قوس ہے جو ایسے دو دائروں کے درمیان ہو کہ ایک ان میں سے گرینچ کے اوپر سے سیدھا شمال و جنوب کو گزرتا ہے، اور دوسرا ان میں سے بلد معین کے اوپر سے سیدھا شمال و جنوب کو گزرتا ہے۔ طول البلد بھی اٹلس سے معلوم ہوتا ہے۔ اٹلس میں طول البلد کے خطوط شمال سے جنوب کی طرف ہوتے ہیں۔ منارالتوقیت میں ص۴۲ سے ص۵۵ تک کچھ بلاد کے طول البلد اور عرض البلد درج ہیں۔

درجہ، دقیقہ ہر دائرہ تین سو ساٹھ حصوں پر منقسم مانا گیا ہے اور ہر حصہ کا نام درجہ رکھا گیا ہے پھر درجہ کو ساٹھ حصوں پر تقسیم کرکے ہر حصہ کا نام دقیقہ رکھا گیا ہے اور دقیقہ کے ساٹھویں حصہ کا نام ثانیہ اور ثانیہ کے ساٹھویں حصہ کا نام ثالثہ رکھا گیا ہے۔ وعلیٰ ہذا القیاس رابعہ، خامسہ وغیرہ

ساعت خط استوا چونکہ چوبیس ہزار میل ہے اسلئے دن رات کے مجموعہ کو چوبیس حصوں پر تقسیم کرکے ہر حصہ کا نام ساعت رکھا گیا ہے اور ساعت کے ساٹھویں حصہ کا نام دقیقہ اور دقیقہ کے ساٹھویں حصہ کا نام ثانیہ رکھا گیا ہے۔ یعنی گھنٹہ، منٹ، سیکنڈ

چونکہ دن رات کے مجموعہ میں صرف چوبیس گھنٹے مانے گئے ہیں جن میں آفتاب کی حرکت غربیہ[لہ] (۳۶۰) درجہ ہوتی ہے اسلئے ایک ساعت میں آفتاب کی حرکت غربیہ پندرہ درجہ ہوگی یعنی ایک گھنٹہ اس زمانہ کا نام ہے کہ جس میں آفتاب کی حرکت غربیہ پندرہ درجہ ہو۔

قیاس تام آفتاب کی حرکت غربیہ کی مقدار جانے بغیر گھنٹہ، منٹ اور سیکنڈ کا علم ممکن نہیں اس لئے آفتاب

لہ - قولہ غربیہ مشرق سے مغرب کی طرف حرکت کا نام حرکت غربیہ ہے

کی حرکت غربیہ کی مقدار جاننے کیلئے دھوپ گھڑی بنائی گئی جو سایہ کے ذریعہ آفتاب کی حرکت غربیہ کی مقدار بتانے لگی اور یہ مانا گیا کہ آفتاب جب دائرہ نصف النہار[1] پر آئے گا تو اس وقت بارہ بجیں گے پھر جب آفتاب مغرب کی طرف پندرہ درجہ چلے گا تو ایک بجے گا اور جب تیس درجہ چلے گا تو دو بجیں گے۔ وعلیٰ ہذا القیاس۔ دھوپ گھڑی کے ذریعے جو ٹائم معلوم ہوا اس کا نام مقیاس ٹائم۔ کمیاس ٹائم اور دھوپ گھڑی ٹائم رکھا گیا۔

وسطی ٹائم اور تعدیل ایام

(۱) چونکہ رات کے وقت دھوپ گھڑی معطل ہو جاتی بلکہ دن کو بھی ابر کے وقت دھوپ گھڑی بند ہو جاتی جس کی وجہ سے کام کاج میں الجھن پیدا ہوتی تھی۔ اس الجھن کو دور کرنے کے لئے مشینی گھڑیاں بنائی گئیں جو رات دن ہر وقت چلتی رہتی ہیں اس گھڑی میں ایک دائرہ بنا کر چوبیس حصوں پر تقسیم کیا گیا۔ اور اس پر ایک سوئی لگائی گئی جو چوبیس گھنٹوں میں دائرہ کا ایک چکر لگاتی۔ اس طرح رات دن کے چوبیس گھنٹوں کا پتہ چلنے لگا مگر اس سے منٹوں کا پتہ نہیں چلتا تھا۔ اس لئے گھڑی کے دائرہ کو چوبیس حصوں کی بجائے صرف بارہ حصوں پر تقسیم کیا گیا اور ہر حصہ کو پانچ حصوں پر تقسیم کیا گیا اور اس پر دو سوئیاں لگائی گئیں چھوٹی سوئی سے گھنٹوں اور بڑی سوئی سے منٹوں کا پتہ چلنے لگا چھوٹی سوئی دن رات میں دائرہ کا دو چکر لگاتی تاکہ دن رات کے چوبیس گھنٹے معلوم ہوں (۲) مگر مشینی گھڑیوں کی چال ہمیشہ ایک سی ہوتی اور آفتاب کی چال ہمیشہ ایک سی نہیں ہوتی۔ یہی وجہ ہے کہ مشینی گھڑیوں سے کوئی یوم پورے چوبیس گھنٹہ کا ہوتا ہے اور کوئی چوبیس گھنٹہ سے کم کا بھی ہوتا ہے اور کوئی چوبیس گھنٹہ سے زیادہ کا بھی ہوتا ہے۔ لیکن دھوپ گھڑی سے ہر یوم پورے چوبیس گھنٹہ کا ہی ہوتا ہے۔ آج کل عوام وخواص سب یہ جانتے ہیں کہ دن رات میں پورے چوبیس گھنٹے ہوتے ہیں لیکن ان میں سے اکثر یہ نہیں جانتے کہ دن رات میں کس گھڑی سے پورے چوبیس گھنٹے ہوتے ہیں بلکہ بہت سے لوگ ناواقفی سے یہ سمجھتے ہیں کہ مشینی گھڑیوں سے دن رات میں پورے چوبیس گھنٹے ہوتے ہیں حالانکہ یہ بالکل غلط ہے اس سے یہ بات اچھی طرح سمجھ میں آجاتی ہے کہ مشینی گھڑیوں کی چال آفتاب کی چال کے مطابق نہیں ہے (۳) اور جبکہ مشینی گھڑیوں کی چال آفتاب کی چال کے مطابق نہیں ہوسکی تو مشینی گھڑیوں کی چال کی صحت وخطا کو جاننے میں دشواری پیش آئی۔ اس دشواری کو حل کرنے کیلئے آسمان پر ایک دوسرا آفتاب فرض کیا گیا جس کی چال یکساں مانی گئی۔ اور یہ بھی مانا گیا کہ ایک سال شمسی میں آفتاب حقیقی جتنی بار خط استوا کا دورہ کرتا ہے آفتاب فرضی بھی اتنی ہی بار خط استوا کا دور کرتا ہے یعنی ایک سال شمسی میں آفتاب فرضی سے پیدا ہونے والے دنوں کی تعداد اور آفتاب حقیقی سے پیدا ہونے والے دنوں کی تعداد برابر مانی گئی (۴) اور آفتاب حقیقی سے پیدا ہونے والے دن کو یوم حقیقی اور آفتاب فرضی سے پیدا ہونے والے دن کو یوم وسطی سے ملقب کیا گیا۔ لہذا دھوپ گھڑی سے جس طرح یوم

[1] تو نوٹ: دائرہ نصف النہار یہ وہ دائرہ ہے جو سیدھا شمال وجنوب کی طرف گذرتا ہے اس دائرہ پر جب آفتاب پہنچتا ہے تو آدھا دن ہوتا ہے اسلئے اس کا نام دائرہ نصف النہار ہے۔

حقیقی پورے چوبیس گھنٹہ کا ہوتا ہے اسی طرح مشینی گھڑیوں سے یوم وسطی پورے چوبیس گھنٹہ کا ہوتا ہے۔ لیکن اکثر لوگ ناواقفی سے یہ سمجھتے ہیں کہ مشین والی گھڑیوں سے یوم حقیقی پورے چوبیس گھنٹہ کا بنتا ہے (۵) چونکہ مشینی گھڑیوں سے یوم وسطی پورے چوبیس گھنٹہ کا ہوتا ہے اس لئے مشینی گھڑی سے جو ٹائم معلوم ہوتا ہے اوس کا نام وسطی ٹائم رکھا گیا۔ اس سے یہ بات اچھی طرح ظاہر ہوتی ہے کہ یوم حقیقی سے یوم وسطی کبھی بڑا ہوگا اور کبھی چھوٹا ہوگا اور کبھی برابر بھی ہوگا۔ (۶) اب گھڑیاں دو قسم کی ہوگئیں ایک دھوپ گھڑی جو آفتاب حقیقی کی حرکت کی مقدار بتاتی ہے اور ایک مشینی گھڑی جو آفتاب فرضی کی حرکت کی مقدار بتاتی ہے لیکن آفتاب فرضی کی چال محسوس نہیں ہے اس لئے وسطی ٹائم (جو مشینی گھڑی سے معلوم ہوتا ہے) اوسکی صحت وخطاء کے جاننے میں دشواری پیدا ہوگئی اس دشواری کو دور کرنے کیلئے یہ معلوم کیا گیا کہ مقیاس ٹائم اور وسطی ٹائم میں کب کتنا تفاوت ہوتا ہے اس تفاوت کا نام تعدیل ایام رکھا گیا (۷) اور وسطی ٹائم کی صحت وخطاء جاننے کا یہ طریقہ مقرر ہوا کہ مقیاس ٹائم پر تعدیل ایام بڑھانے یا گھٹانے سے وسطی ٹائم معلوم ہوجایا کریگا جو آفتاب فرضی کی چال کے بالکل مطابق ہوگا۔ اب وسطی ٹائم کی صحت وخطاء جاننے میں کچھ دشواری نہیں رہی۔

بلدی ٹائم۔ چونکہ بلاد شرقیہ کا نصف النہار مقدم اور بلاد غربیہ کا نصف النہار موخر ہوتا ہے اس لئے بلاد شرقیہ کا وسطی ٹائم مقدم اور بلاد غربیہ کا وسطی ٹائم موخر ہے۔ یعنی بلاد شرقیہ اور بلاد غربیہ کے وسطی ٹائم جدا جدا ہیں اور ہر بلد کا وسطی ٹائم اوس بلد کا بلدی ٹائم کہلاتا ہے مثلاً لائلپور کا وسطی ٹائم لائلپور کا بلدی ٹائم ہے۔ اسی طرح لاہور کا وسطی ٹائم لاہور کا بلدی ٹائم ہے۔ اسی طرح کراچی کا وسطی ٹائم کراچی کا بلدی ٹائم ہے۔

اسٹینڈرڈ ٹائم۔ ایک ملک کے بلاد شرقیہ اور بلاد غربیہ کی گھڑیوں کے ٹائم آگے پیچھے رہنے کی وجہ سے ریل وغیرہ کی چال ضبط کرنے میں الجھن پیش آئی۔ لہذا اس الجھن کو رفع کرنے کیلئے ہر ملک کی حکومت نے یہ طے کیا کہ ایک ملک کے تمام شہروں کی گھڑیوں میں ایک ہی ٹائم رہیگا ایسا نہیں ہوگا کہ ایک ملک کے مختلف شہروں کی گھڑیوں میں مختلف ٹائم ہو۔ لہذا ایسا نہیں ہوگا کہ لاہور کی گھڑیوں میں کچھ ٹائم ہو اور پشاور کی گھڑیوں میں کچھ ٹائم ہو۔ اور لائلپور یا کراچی کی گھڑیوں میں کچھ ٹائم ہو چنانچہ پاکستان کی حکومت نے یہ طے کیا کہ سیالکوٹ کے ضلع میں ظفروال کے قریب جس جگہ کا طول البلد ۷۵ درجہ ہے اوس کا بلدی ٹائم پورے پاکستان کی گھڑیوں میں رہیگا۔ اور ہندوستان کی حکومت نے

لہ: قولہ تعدیل ایام اسکی جدول ص۵۶ سے ص۵۹ تک ملاحظہ ہو ۱۲

یہ طے کیا کہ کچھوچھہ مقدسہ کہ جس کا طول البلد ۸۲ ۱/۲ درجہ ہے اوس کا بلدی ٹائم پورے ہندوستان کی گھڑیوں میں رہنے کا اور بعد میں بنگلہ دیش کی حکومت نے یہ طے کیا کہ جالپور کہ جس کا طول البلد ۹۰ درجہ ہے اوس کا بلدی ٹائم پورے بنگلہ دیش کی گھڑیوں میں رہے گا اسی طرح ہر ملک میں اوس ملک کے کسی ایک جگہ کا بلدی ٹائم پورے ملک میں مانا جاتا ہے چنانچہ برما میں سلوین کہ جس کا طول البلد ۹۷ ۱/۲ درجہ ہے اوس کا بلدی ٹائم پورے برما میں رائج ہے۔ اسی کا نام اسٹینڈرڈ ٹائم ہے۔

تعدیل مروج ٹائم ۔ اوپر سے یہ بات اچھی طرح واضح ہوتی ہے کہ بلدی ٹائم کبھی اسٹینڈرڈ ٹائم کے برابر ہوگا اور کبھی دونوں میں فرق بھی ہوگا۔ اسی فرق و تفاوت کا نام تعدیل مروج ٹائم ہے جو حساب کے ذریعہ معلوم کیا جا سکتا ہے۔

تنبیہ اوپر سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ بلدی ٹائم ہو یا اسٹینڈرڈ ٹائم اوس کی صحت و خطا کو جاننے کیلئے مقیاس ٹائم جاننا شرط ہے، لیکن ہر ملک میں مقیاس ٹائم معلوم کرنے کا کوئی معقول انتظام نہیں ہے اور گرینچ میں اوس کے معلوم کرنے کا انتظام ہر جگہ سے بہتر ہے اس لئے گرینچ کو اصل مان لیا گیا اور حساب کے ذریعہ معلوم کیا گیا کہ گرینچ کے بلدی ٹائم میں اور پاکستان کے اسٹینڈرڈ ٹائم میں کتنا تفاوت ہے۔ اس تفاوت کو گرینچ ٹائم کے بلدی ٹائم پر بڑھانے سے پاکستان کا اسٹینڈرڈ ٹائم معلوم ہو جاتا ہے اسی طرح دیگر ممالک میں بھی گرینچ ٹائم اور اسٹینڈرڈ ٹائم کا تفاوت معلوم کرکے اسٹینڈرڈ ٹائم معلوم کیا جاتا ہے۔

فائدہ علم توقیت کے ذریعہ سب سے پہلے مقیاس ٹائم معلوم ہوتا ہے۔ پھر تعدیل ایام بڑھانے یا گھٹانے سے بلدی ٹائم معلوم ہوتا ہے پھر تعدیل مروج ٹائم بڑھانے یا گھٹانے سے مروج ٹائم معلوم ہوتا ہے۔

طلوع و غروب، صبح صادق و عشاء، مثل اول و مثل ثانی

بُعد تحتانی

(۱) عرض البلد و میل شمس دونوں شمالی یا دونوں جنوبی ہوں تو عرض البلد و میل شمس کا مجموعہ بعد تحتانی ہے (۲) دونوں میں سے کوئی شمالی اور کوئی جنوبی ہو تو عرض البلد و میل شمس کا تفاوت بعد تحتانی ہے (۳) میل شمس منفی ہو تو عرض البلد بعد تحتانی ہے (۴) عرض البلد منفی ہو تو میل شمس بعد تحتانی ہے (۵) دونوں منفی ہوں تو بعد تحتانی صفر ہوگا۔ ملاحظہ ہو مثال ۹، ۱۰، ۱۵، ۱۲

سلہ:۔ نوٹ مثال: تمام قواعد کی مثالیں ۲۷ سے ۵۵ تک درج ہیں۔

بُعد فوقانی

(۱) عرض البلد و میل شمس دونوں شمالی یا دونوں جنوبی ہوں تو عرض البلد و میل شمس کا تفاوت بعد فوقانی ہے۔ (۲) دونوں میں سے کوئی شمالی اور کوئی جنوبی ہو تو دونوں کا مجموعہ بعد فوقانی ہے۔ (۳) میل شمس منفی ہو تو عرض البلد بعد فوقانی ہے (۴) عرض البلد منفی ہو تو میل شمس بعد فوقانی ہے (۵) دونوں منفی ہوں تو بعد فوقانی صفر ہوگا۔ ملاحظہ ہو مثال نمبر ۷، نمبر ۱۳، نمبر ۱۹

بُعد کوکب

(۱) صبح صادق و عشاء کے وقت ۱۰۸ درجہ (۲) طلوع آفتاب و غروب آفتاب کے وقت ۹۰ درجہ ۴۹ دقیقہ (۳) مثل اول اور مثل ثانی کے وقت بعد کوکب دریافت کرنے کے لئے جدول بعد کوکب بوقت مثل اول و مثل ثانی دیکھئے جو صفحہ ۶ سے صفحہ ۷۱ تک درج ہیں۔

نصف المجموع

بعد فوقانی + بعد کوکب ÷ ۲ = نصف المجموع یعنی بعد فوقانی اور بعد کوکب دونوں کو جمع کر کے دو سے تقسیم کیجئے تو خارج قسمت نصف المجموع ہوگا۔ ملاحظہ ہو مثال نمبر ۸، نمبر ۱۰، نمبر ۱۱، ۱۴، ۱۶، ۱۷، ۱۹، ۲۰۔

حاصل التفریق

بعد کوکب − نصف المجموع = حاصل التفریق یعنی بعد کوکب میں سے نصف المجموع کم کر دیجئے حاصل التفریق نکل آئے گا۔ ملاحظہ ہو مثال نمبر ۸، نمبر ۱۰، نمبر ۱۱، نمبر ۱۳، ۱۴، ۱۶، ۱۷، ۱۹، نمبر ۲۰

محفوظ اکبر و محفوظ اصغر

(۱) عرض البلد و میل شمس دونوں شمالی ہوں یا دونوں جنوبی ہوں تو بعد کوکب

اور تمام[1] عرض بلد او تمام[2] میل شمس کو جمع کر کے تنصیف کیجئے اور نصف کا نام نصف ہی رکھ لیجئے پھر اس نصف میں سے تمام عرض البلد کم کیجئے اور اس کا نام محفوظ اکبر رکھیے پھر نصف مذکور میں سے تمام میل کم کیجئے اور اس کا نام محفوظ اصغر رکھئے (۲) عرض البلد و میل شمس میں سے کوئی شمالی اور کوئی جنوبی ہو تو بعد کوکب اور تمام عرض البلد اور میل شمس اور نوے درجہ کو جمع کر کے تنصیف کیجئے اور نصف کا نام نصف ہی رکھ لیجئے پھر اس نصف میں سے تمام عرض البلد کم کیجئے اور اس کا نام محفوظ اکبر رکھیے پھر نصف مذکور میں سے میل شمس اور نوے درجہ کا مجموعہ کم کیجئے اور اس کا نام محفوظ اصغر رکھئے۔ ملاحظہ ہو مثال ۲۲، ۲۳، ۲۴، ۲۵، ۲۶، ۲۷

پہلا قاعدہ

(پہلا طریقہ) سائن[3] نصف المجموع + سائن حاصل التفریق + سیکنٹ عرض البلد + سیکنٹ میل شمس = مجموعہ اربعہ یعنی نصف المجموع کا سائن اور حاصل التفریق کا سائن اور عرض البلد کا سیکنٹ اور میل شمس کا سیکنٹ چاروں کو جمع کیجئے اور اس کا نام مجموعہ اربعہ رکھیے۔ پھر جیبی جدول اوقات سے مجموعہ اربعہ کا مقیاس[4] تام معلوم کیجئے (یا) مجموعہ[5] اربعہ پر (۱۰) صحیح بڑھا[6] کر تنصیف کیجئے اس کے بعد نصف کی قوس جدول سائن سے لیکر درجہ کو منٹ اور دقیقہ کو سیکنڈ مان کر آٹھ میں ضرب کیجئے۔ حاصل ضرب غربیات[7] کا مقیاس تام ہوگا۔ پھر اس کا تمام[8] بارہ گھنٹہ تک لینے پر شرقیات کا مقیاس تام ہوگا (یا) اس نصف کی قوس جدول کو سائن سے لے کر

---

[1] قولہ تمام عرض البلد نوے درجہ میں سے عرض البلد کو کم کرنے پر جو باقی بچے اوس کو تمام عرض البلد کہتے ہیں مثلاً عرض البلد ۲۸ درجہ ۲۱ دقیقہ ہو تو تمام عرض البلد ۶۱ درجہ ۳۹ دقیقہ ہوگا۔ اور اگر عرض البلد ۳۱ درجہ ۲۴ دقیقہ ہو تو تمام عرض البلد ۵۸ درجہ ۳۶ دقیقہ ہوگا ۱۲

[2] قولہ تمام میل شمس نوے درجہ میں سے میل شمس کو کم کرنے پر جو باقی بچے اوس کو تمام میل شمس کہتے ہیں مثلاً میل شمس اگر ۱۸ درجہ نو دقیقہ ہو تو تمام میل شمس ۷۱ درجہ ۵۱ دقیقہ ہونگے اور میل شمس اگر ۱۴ درجہ ۴۸ دقیقہ ہو تو تمام میل شمس ۷۵ درجہ ۱۲ دقیقہ ہونگے ۱۲

[3] قولہ سائن یہ دو طرح کے ہوتے ہیں اصلی و لوگارثمی اسی طرح کوسائن اور سیکنٹ اور کوسیکنٹ و ٹینجنٹ اور کوٹینجنٹ وغیرہ بھی دو دو طرح کے ہوتے ہیں اصلی اور لوگارثمی۔ اس کتاب میں ہر جگہ لوگارثمی ہی مراد ہیں ۱۲ [illegible] سیکنٹ کا عدد لیجیے جو عشرہ کی بائیں طرف ہو جائے وہ نہیں لیا جاتا ۱۲

[4] قولہ مجموعہ اربعہ مثلاً مثال میں چونکہ مجموعہ اربعہ (۹۹۹۰۵۲۷۲) ہے اس لئے اس پر (۱۰) صحیح بڑھانے سے (۱۹۹۹۰۵۲۷۲) ہوا اس کا نصف (۹۹۹۵۲۶۱۸) ہے۔ اس نصف کی قوس جدول سائن سے لینے پر (۸۰ درجہ ۲۰ دقیقہ) ہوا اس میں درجہ کو منٹ اور دقیقہ کو سیکنڈ مان کر آٹھ میں ضرب کرنے سے حاصل ضرب (۶ گھنٹہ ۴۲ منٹ چالیس سیکنڈ) ہوئے۔ یہ غروب آفتاب کا مقیاس تام ہے اس کا تمام بارہ گھنٹہ تک لینے پر (۵ گھنٹہ ۱۷ منٹ بیس سیکنڈ) ہوئے یہ طلوع آفتاب کا مقیاس تام ہے اور اگر اس نصف کی قوس جدول کو سائن سے لی جائے تو (۳۹ درجہ ۲۵) ہوگا اس میں درجہ کو منٹ اور دقیقہ کو سیکنڈ مان کر آٹھ میں ضرب کیا جائے تو حاصل ضرب (۵ گھنٹہ ۱۵ منٹ بیس سیکنڈ) ہونگے یہ طلوع آفتاب کا مقیاس تام ہوگا۔ اس کا تمام بارہ گھنٹہ تک لینے پر (۶ گھنٹہ ۴۴ منٹ چالیس سیکنڈ) ہونگے یہ غروب آفتاب کا مقیاس تام ہوگا ۱۲

[5] قولہ بڑھا کر یعنی ہندسہ سے بائیں طرف اگر (۹) ہے تو اوس پر (۱۰) صحیح بڑھانے سے (۱۹) ہو جائیگا اور ہندسہ سے بائیں طرف اگر (۸) ہے تو اوس پر ۱۰ صحیح بڑھانے سے (۱۸) ہو جائیگا وعلیٰ ہذا القیاس ۱۲

[6] قولہ غربیات غربیات سے مراد مثل اول، مثل ثانی، غروب آفتاب، اور شفق ہے کیونکہ ان اوقات میں آفتاب مغرب کی طرف ہوتا ہے۔ اور شرقیات سے مراد صبح اور طلوع آفتاب ہے کیونکہ ان اوقات میں آفتاب مشرق کی طرف ہوتا ہے ۱۲

[7] قولہ تمام یعنی بارہ گھنٹہ میں سے غربیات کا مقیاس تام کم کرنے پر شرقیات کا مقیاس تام ہوگا اسی طرح بارہ گھنٹہ میں سے شرقیات کا مقیاس تام کم کرنے پر غربیات کا مقیاس تام ہوگا۔

درجہ کو منٹ اور دقیقہ کو سکینڈ مان کر تحفہ میں ضرب کیجئے۔ حاصل ضرب شرقیات کا مقیاس ٹائم ہوگا پھر اس کا تمام بارہ گھنٹہ تک لینے پر غربیات کا مقیاس ٹائم ہوگا۔ مقیاس ٹائم معلوم ہونے کے بعد تعدیل ایام اور تعدیل درجہ ٹائم بڑھانے یا گھٹانے کا عمل کیجئے جس طرح کہ نصف النہار میں گزرا ہے۔ ملاحظہ ہو مثال نمبر ۷، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۱۴، ۱۶، ۱۷

(دوسرا طریقہ) نصف المجموع کا سائن اور حاصل التفریق کا سائن جمع کرکے حاصل جمع کا نام مجموع اوّل رکھیئے پھر عرض البلد کا کوسائن اور میل شمس کا کوسائن جمع کرکے حاصل جمع کا نام مجموع ثانی رکھیئے۔ اس کے بعد مجموعہ اول میں سے مجموع ثانی کم کیجئے تو یہ پہلے طریقہ کے مجموعہ کے برابر[1] ہوگا۔ لہٰذا بقیہ اعمال پہلے طریقہ کے مطابق کئے جائیں گے۔

(تیسرا طریقہ) نصف المجموع کا سائن اور حاصل التفریق کا سائن جمع کرکے حاصل جمع کا نام مجموع اول رکھیئے پھر تمام[2] عرض البلد کا سائن اور تمام میل شمس کا سائن جمع کرکے حاصل جمع کا نام مجموع ثانی رکھیئے اس کے بعد مجموع اول میں سے مجموع ثانی کم کیجئے تو یہ بھی پہلے طریقہ کے مجموعہ کے برابر ہوگا۔ لہٰذا بقیہ اعمال پہلے طریقہ کے مطابق کئے جائیں گے۔

(تنبیہ) سائن کو سائن وغیرہ جسور عشرہ میں نسبت جاننے والا اور طریقے بھی استخراج کر سکتا ہے ہم نے قاعدہ اولیٰ کے صرف تین طریقوں پر ہی اقتصار کیا۔

طلوع وغروب کا دوسرا قاعدہ

(پہلا طریقہ) فضل اعظم یعنی تحتانی + سیکنٹ عرض البلد + سیکنٹ میل شمس = مجموعۂ اعظم یعنی تحتانی کا فضل اعظم اور عرض البلد کا سیکنٹ اور میل شمس کا سیکنٹ تینوں کو جمع کیجئے اور اس کا نام مجموع اعظم رکھیئے پھر فضلی جدول اوقات سے مجموع اعظم کا مقیاس ٹائم معلوم کیجئے مقیاس ٹائم معلوم ہونے کے بعد تعدیل

[1] قولہ برابر ہوگا مثلاً مثال یہ ہیں

نصف المجموع کا سائن	۹٫۸۸۴۲۰۶۱	عرض البلد کا کوسائن	۹٫۹۲۲۵۱۳۹	مجموع اوّل	۹٫۶۹۸۳۱۸۲
حاصل التفریق کا سائن	۹٫۸۱۰۹۱۲۱	میل شمس کا کوسائن	۹٫۹۹۷۸۳۵۳	مجموع ثانی	۹٫۹۲۲۳۴۹۲
مجموع اول	۹٫۶۹۸۳۱۸۲	مجموع ثانی	۹٫۹۲۲۳۴۹۲	حاصل التفریق	۹٫۷۷[illegible]

[2] قولہ تمام عرض البلد نوے درجہ میں سے عرض البلد کو کم کرنے پر جو باقی بچے اوس کو تمام عرض البلد کہتے ہیں۔ لہٰذا بریلی شریف کا تمام عرض بلد ۶۱ درجہ ۳۹ دقیقہ ہے۔ اسی طرح تمام میل شمس کو بھی سمجھنا چاہیئے یعنی نوے درجہ میں سے میل شمس کو کم کر لینے پر جو باقی بچے اوس کو تمام میل شمس کہتے ہیں مثلاً میل شمس اگر ۱۸ درجہ نو دقیقہ ہو تو تمام میل شمس ۷۱ درجہ ۵۱ دقیقہ ہونگے چونکہ کوسائن عرض البلد اور سائن تمام عرض البلد باہم برابر ہیں اسی طرح کوسائن میل شمس اور سائن تمام میل شمس بھی باہم برابر ہیں اس لئے دوسرا طریقہ اور تیسرا طریقہ ابتداء ہی سے عمل میں ایک جیسے ہونگے ۱۲

اور تعدیل مروج ٹائم بڑھانے یا گھٹانے کا عمل کیجئے جس طرح کہ نصف النہار میں گزرا ہے۔ ملاحظہ ہو مثال نمبر ۹، نمبر ۱۵، نمبر ۲۱

(دوسرا طریقہ) عرض البلد کا کوسائن اور میل شمس کا کوسائن جمع کر کے حاصل جمع کو بعد تحتانی کے فضل اعظم میں سے کم کیجئے تو یہ مجموع اعظم کے برابر ہوگا۔ لہٰذا بقیہ اعمال پہلے طریقہ کے مطابق کئے جائیں گے۔

(تیسرا طریقہ) بعد تحتانی کے فضل اعظم میں سے عرض البلد کا کوسائن کم کیجئے۔ جو باقی بچے اوس میں سے میل شمس کا کوسائن کم کیجئے جو باقی بچے وہ مجموع اعظم کے برابر ہوگا۔ لہٰذا بقیہ اعمال پہلے طریقہ کے مطابق کئے جائیں گے (یا) بعد تحتانی کے فضل اعظم میں سے میل شمس کو کوسائن کم کیجئے جو باقی بچے اوس میں سے عرض بلد کا کوسائن کم کیجئے جو باقی بچے وہ مجموع اعظم کے برابر ہوگا۔ لہٰذا بقیہ اعمال پہلے طریقہ کے مطابق کئے جائیں گے۔

(چوتھا طریقہ) بعد تحتانی کے مجموع اصغر[1] میں مابین الفضلین[2] کو جمع کیجئے تو یہ بھی مجموع اعظم کے برابر ہوگا۔ لہٰذا بقیہ اعمال پہلے طریقہ کے مطابق کئے جائیں گے۔

(تنبیہ) ہم نے قاعدہ ثانیہ کے صرف چار طریقے لکھے ہیں حساب جاننے والا جو خطوط عشرہ کی نسبت سے واقف ہو وہ اور طریقے بھی استخراج کر سکتا ہے۔

صبح و عشاء کا دوسرا قاعدہ

(پہلا طریقہ) فضل اصغر بعد تحتانی + سیکنٹ عرض البلد + سیکنٹ میل شمس = مجموع اصغر یعنی بعد تحتانی کا فضل اصغر اور عرض البلد کا سیکنٹ اور میل شمس کا سیکنٹ تینوں کو جمع کیجئے اور اس کا نام مجموع اصغر رکھئے پھر فضلی جدول اوقات سے مجموع اصغر کا مقیاس ٹائم معلوم کیجئے۔ مقیاس ٹائم معلوم ہونے کے بعد تعدیل ایام اور تعدیل مروج ٹائم بڑھانے یا گھٹانے کا عمل کیجئے جس طرح کہ نصف النہار میں گزرا ہے۔ ملاحظہ ہو مثال نمبر ۹، نمبر ۱۵، نمبر ۲۱

(دوسرا طریقہ) عرض البلد کا کوسائن اور میل شمس کا کوسائن جمع کر کے حاصل جمع کو بعد تحتانی کے فضل اصغر میں سے کم کیجئے تو یہ مجموع اصغر کے برابر ہوگا۔ لہٰذا بقیہ اعمال پہلے طریقہ کے مطابق کئے جائیں گے۔

---

[1]: قولہ مجموع اصغر اس کے معنی صبح و عشاء کے دوسرے قاعدہ میں ملاحظہ ہو۔

[2]: قولہ مابین الفضلین یعنی فضل اعظم اور فضل اصغر کا تفاوت ۱۲

(تیسرا طریقہ) بعد تحتانی کے فضل اصغر میں سے عرض البلد کا کو سائن کم کیجئے جو باقی بچے اوس میں سے میل شمس کا کو سائن کم کیجئے جو باقی بچے وہ مجموع اصغر کے برابر ہوگا۔ لہذا البقیہ اعمال پہلے طریقہ کے مطابق کئے جائیں گے (یا) بعد تحتانی کے فضل اصغر میں سے میل شمس کا کو سائن کم کیجئے جو باقی بچے اوس میں سے عرض البلد کا کو سائن کم کیجئے جو باقی بچے وہ مجموع اصغر کے برابر ہوگا لہذا البقیہ اعمال پہلے طریقہ کے مطابق کئے جائیں گے۔

(چوتھا طریقہ) بعد تحتانی کے مجموع اعظم میں سے مابین الفضلین کم کیجئے تو یہ بھی مجموع اصغر کے برابر ہوگا۔ لہذا البقیہ اعمال پہلے طریقہ کے مطابق کئے جائیں گے۔

(تنبیہ) ہم نے صرف چار طریقے لکھے ہیں حساب جاننے والا جو خطوط عشرہ کی نسبت سے واقف ہو وہ دوسرے طریقے بھی استخراج کر سکتا ہے۔

مثل اوّل کا دوسرا قاعدہ

(پہلا طریقہ) فرق اقرب بعد فوقانی + سیکنٹ عرض البلد + سیکنٹ میل شمس = مجموع اقرب۔ اس کے بعد فضلی جدول اوقات سے مجموع اقرب کا مقیاس ٹائم معلوم کیجئے پھر تعدیل ایام اور تعدیل مروج ٹائم بڑھانے یا گھٹانے کا عمل کیجئے جس طرح کہ نصف النہار میں گزرا ہے ملاحظہ ہو مثال ۱۲ و مثال ۱۸

(دوسرا طریقہ) عرض البلد کا کو سائن اور میل شمس کا کو سائن جمع کر کے حاصل جمع کو بعد فوقانی کے فرق اقرب میں سے کم کیجئے یہ مجموع اقرب کے برابر ہوگا لہذا البقیہ اعمال پہلے طریقہ کے مطابق کئے جائیں گے۔

(تیسرا طریقہ) بعد فوقانی کے فرق اقرب میں سے عرض البلد کا کو سائن کم کیجئے جو باقی بچے اوس میں سے میل شمس کا کو سائن کم کیجئے جو باقی بچے وہ مجموع اقرب کے برابر ہوگا۔ لہذا البقیہ اعمال پہلے طریقہ کے مطابق کئے جائیں گے (یا) بعد فوقانی کے فرق اقرب میں سے میل شمس کا کو سائن کم کیجئے جو باقی بچے اوس میں سے عرض البلد کا کو سائن کم کیجئے جو باقی بچے وہ مجموع اقرب کے برابر ہوگا۔ لہذا البقیہ اعمال پہلے طریقہ کے مطابق کئے جائیں گے۔

(چوتھا طریقہ) بعد فوقانی کے مجموع البعد میں سے مابین الفرقین[1] کم کیجئے تو یہ بھی مجموع اقرب کے برابر ہوگا۔ لہذا البقیہ اعمال پہلے طریقہ کے مطابق کئے جائیں گے۔

(تنبیہ) ہم نے چار طریقے لکھے ہیں دوسرے طریقے بھی استخراج کئے جا سکتے ہیں۔

[1] قولہ مابین الفرقین یعنی فرق اقرب و فرق البعد کا تفاوت ۱۲

شکل ثانی کا دوسرا قاعدہ

(پہلا طریقہ) فرق البعد بعد فوقانی + سیکنٹ عرض البلد + سیکنٹ میل شمس = مجموع البعد۔ اس کے بعد فضلی جدول اوقات سے مجموع البعد کا مقیاس ٹائم معلوم کیجئے پھر تعدیل ایام اور تعدیل درج ٹائم بڑھانے یا گھٹانے کا عمل کیجئے جس طرح کہ نصف النہار میں گزرا ہے ملاحظہ ہو مثال ملا، ١٧

(دوسرا طریقہ) عرض البلد کا کوسائن اور میل شمس کا کوسائن جمع کرکے حاصل جمع کو بعد فوقانی کے فرق البعد میں سے کم کیجئے یہ مجموع البعد کے برابر ہوگا۔ لہذا بقیہ اعمال پہلے طریقہ کے مطابق کئے جائیں گے۔

(تیسرا طریقہ) بعد فوقانی کے فرق البعد میں سے عرض البلد کا کوسائن کم کیجئے جو باقی بچے اوس میں سے میل شمس کا کوسائن کم کیجئے جو باقی بچے وہ مجموع البعد کے برابر ہوگا۔ لہذا بقیہ اعمال پہلے طریقہ کے مطابق کئے جائیں گے (یا) بعد فوقانی کے فرق البعد میں سے میل شمس کا کوسائن کم کیجئے جو باقی بچے اوس میں سے عرض البلد کا کوسائن کم کیجئے جو باقی بچے وہ مجموع البعد کے برابر ہوگا۔ لہذا بقیہ اعمال پہلے طریقہ کے مطابق کئے جائیں گے۔

(چوتھا طریقہ) بعد فوقانی کے مجموع اقرب میں مابین العرضین کو جمع کیجئے تو یہ بھی مجموع البعد کے برابر ہوگا۔ لہذا بقیہ اعمال پہلے طریقہ کے مطابق کیئے جائیں گے۔

(تنبیہ) ہم نے چار طریقے لکھے ہیں دوسرے طریقے بھی استخراج کئے جا سکتے ہیں۔

تیسرا قاعدہ

(پہلا طریقہ) سائن محفوظ اکبر + سائن محفوظ اصغر + سیکنٹ عرض البلد + سیکنٹ میل شمس = مجموعہ اربعہ۔ اس کے بعد جیبی جدول اوقات سے اس مجموعہ اربعہ کا مقیاس ٹائم معلوم کیجئے (یا) مجموعہ اربعہ پر (١٠) صحیح بڑھا کر تنصیف کیجئے اوس کے بعد نصف کی قوس جدول سائن سے لیکر درجہ کو منٹ اور دقیقہ کو سیکنڈ مان کر آٹھ میں ضرب دیجئے حاصل ضرب عربیات کا مقیاس ٹائم ہوگا (اس کے بعد آخر تک وہی باتیں کہ جو پہلے قاعدہ کے پہلے طریقہ میں لکھی ہیں) ملاحظہ ہو مثال نمبر ٢٢، نمبر ٢٣، نمبر ٢٤، نمبر ٢٥، نمبر ٢٦، نمبر ٢٧

(دوسرا طریقہ) محفوظ اکبر کا سائن اور محفوظ اصغر کا سائن جمع کرکے حاصل جمع کا نام مجموع اول رکھئے پھر عرض البلد کا کوسائن اور میل شمس کا کوسائن جمع کرکے حاصل جمع کا نام مجموع ثانی رکھئے۔ اس کے بعد مجموع اول میں سے مجموعہ ثانی کم کیجئے تو یہ پہلے طریقہ کے مجموعہ کے برابر ہوگا لہذا بقیہ اعمال پہلے طریقہ کے مطابق کیئے جائیں گے۔

(تیسرا طریقہ) محفوظ اکبر کا سائن اور محفوظ اصغر کا سائن جمع کر کے حاصل جمع کا نام مجموع اول رکھیے۔ پھر تمام عرض البلد کا سائن اور تمام میل شمس کا سائن جمع کر کے حاصل جمع کا نام مجموع ثانی رکھیے۔ اس کے بعد مجموع اول میں سے مجموع ثانی کم کیجئے تو یہ بھی پہلے طریقہ کے مجموعہ کے برابر ہوگا۔ لہٰذا بقیہ اعمال پہلے طریقہ کے مطابق کئے جائیں گے۔

(تنبیہ) سائن کو سائن وغیرہ میں نسبت جاننے والا دوسرے طریقے بھی استخراج کر سکتا ہے۔ ہم نے صرف تین طریقوں پر ہی اختصار کیا۔

چوتھا قاعدہ

(پہلا طریقہ) نصف المجموع میں تمام عرض البلد جمع کر کے حاصل جمع کا نام حاصل اوّل رکھیے پھر حاصل اوّل میں سے بعد کوکب کم کر کے باقی کا نام حاصل ثانی رکھیے۔ اس کے بعد حاصل اول کا کوسیکنٹ اور حاصل ثانی کا کوسیکنٹ اور نصف المجموع کا سائن اور حاصل التفریق کا سائن۔ چاروں کو جمع کیجیے اور اس کا نام مجموعہ اربعہ رکھیے پھر مجموعہ اربعہ پر (۱۰) صحیح بڑھا کر تنصیف کیجئے۔ اس کے بعد نصف کی قوس جدول ٹینج سے لے کر درجہ کو منٹ اور دقیقہ کو سیکنڈ مان کر آٹھ میں ضرب کیجئے حاصل ضرب غربیات کا مقیاس ٹائم ہوگا۔ پھر اس کو تمام بارہ گھنٹہ تک لینے پر شرقیات کا مقیاس ٹائم معلوم ہوگا (یا) اس نصف کی قوس جدول کوٹینج سے لے کر درجہ کو منٹ اور دقیقہ کو سیکنڈ مان کر آٹھ میں ضرب کیجئے حاصل ضرب شرقیات کا مقیاس ٹائم ہوگا۔ پھر اس کا تمام بارہ گھنٹہ تک لینے پر غربیات کا مقیاس ٹائم معلوم ہوگا۔ مقیاس ٹائم معلوم ہونے کے بعد تعدیل ایام اور تعدیل مروج ٹائم بڑھاتے گھٹانے کا عمل کیجئے جس طرح کہ نصف النہار میں گزرا ہے۔ ملاحظہ ہو مثال ۲۸، ۲۹

(دوسرا طریقہ) نصف المجموع کا سائن اور حاصل التفریق کا سائن جمع کر کے حاصل جمع کا نام مجموع اول رکھیے پھر حاصل اول کا سائن اور حاصل ثانی کا سائن جمع کر کے حاصل جمع کا نام مجموع ثانی رکھیے۔ اس کے بعد مجموع اول میں سے مجموع ثانی کم کیجئے تو یہ پہلے طریقہ کے مجموعہ کے برابر ہوگا۔ لہٰذا اس پر (۱۰) صحیح بڑھا کر پہلے طریقہ کے مطابق عمل کیجئے۔

پانچواں قاعدہ

سائن عرض البلد اور سائن میل شمس کو جمع کر کے حاصل جمع کو عدد اصلی کی طرف تحویل کیجئے اور اس کا نام تحویل اول رکھ لیجئے لیکن عرض البلد اور میل شمس دونوں شمالی ہوں یا دونوں جنوبی ہوں تو تحویل اول کا عدد مثبت ہوگا۔ اور اگر کوئی ایک شمالی اور دوسرا جنوبی ہو تو تحویل اول کا عدد منفی ہوگا

اس کے بعد بُعد کوکب کے کوسائن کو عدد اصلی کی طرف تحویل کیجئے اور اس کا نام تحویل ثانی رکھ لیجئے لیکن طلوع وغروب اور صبح وعشاء کیلئے تحویل ثانی کا عدد ہمیشہ ہر حال میں مثبت ہوگا اور مثل اول ومثل ثانی کیلئے تحویل ثانی کا عدد ہمیشہ ہر حال میں منفی ہوگا۔ اب تحویل اول اور تحویل ثانی کو جمع کر کے حاصل جمع کا نام مجموع التحویلین رکھ لیجئے۔ اس کے بعد مجموع التحویلین کا ... لیجئے اور اس ... میں سیکنڈ عرض البلد اور سیکنڈ میل شمس جمع کیجئے ... جمع کا نام مجموعہ ثلاثہ رکھئے۔ اس کے بعد مجموعہ ثلاثہ کی قوس جدول سائن سے لے کر درجہ کو منٹ اور دقیقہ کو سیکنڈ مان کر چار میں ضرب دیجئے۔ پھر چھ گھنٹہ پر حاصل ضرب بڑھائیے اگر مجموع التحویلین کا عدد مثبت ہو اور چھ گھنٹہ میں سے حاصل ضرب گھٹائیے اگر مجموع التحویلین کا عدد منفی ہو تو ان دونوں صورتوں میں یہ غربیات کا مقیاس ٹائم ہوگا۔ اور چھ گھنٹہ پر حاصل ضرب بڑھائیے اگر مجموع التحویلین کا عدد منفی ہو اور چھ گھنٹہ میں سے حاصل ضرب گھٹائیے اگر مجموع التحویلین کا عدد مثبت ہو تو ان دونوں صورتوں میں یہ شرقیات کا مقیاس ٹائم ہوگا ملاحظہ ہو مثال نمبر ۳۱، نمبر ۳۲، نمبر ۳۳، نمبر ۳۴، نمبر ۳۵

(فائدہ) غربیات کا مقیاس ٹائم معلوم ہو جانے کے بعد اس کا تمام بارہ گھنٹہ تک لینے پر شرقیات کا مقیاس ٹائم معلوم ہوگا جیسا کہ پہلے قاعدہ کے ذیل میں گزرا ہے اسی طرح شرقیات کا مقیاس ٹائم معلوم ہو جائے تو اس کا تمام بارہ گھنٹہ تک لینے پر غربیات کا مقیاس ٹائم معلوم ہو جاتا ہے

(فائدہ) عدد اصلی کی طرف تحویل کرنے کے لئے انٹی لاگ کی جدول درکار ہے۔ منار التوقیت کے صـ۳۵ پر انٹی لاگ کی جدول ہے۔ لیکن یہ جدول چار ہندسوں والی ہے ... پانچ ہندسوں یا چھ ہندسوں یا سات ہندسوں والی جدول مل جائے تو زیادہ بہتر ہے ... لینے کیلئے لوگارثمی جدول درکار ہے۔ منار التوقیت کے صـ۳۲ پر لوگارثمی جدول ہے لیکن یہ جدول بھی چار ہندسوں والی ہے اگر پانچ یا چھ یا سات ہندسوں والی جدول مل جائے تو زیادہ بہتر ہے۔

(فائدہ) طلوع وغروب کیلئے چونکہ بعد کوکب مقرر ہے (۹۰ درجہ ۴۹ دقیقہ) اس لئے اس کا کوسائن بھی مقرر ہے (۸٫۱۵۳۹۰۷۵) اور اس کا عدد اصلی بھی مقرر ہے (۱٫۴۲۵) اسی طرح صبح وعشاء کیلئے بھی چونکہ بعد کوکب مقرر ہے (۱۰۸ درجہ) اس لئے اس کا بھی کوسائن مقرر ہے (۹٫۴۸۹۹۸۲۴) اور اس کا عدد اصلی بھی مقرر ہے (۰٫۳۰۸۹) لیکن مثل اول اور

مثل ثانی کیلئے لبعد کوکب مقرر نہیں ہے اس لئے ان دونوں کیلئے کو سائن بھی مقرر نہیں ہے اور نہ ہی کو سائن کا عدد اصلی مقرر ہے لہٰذا کبھی کچھ ہوگا اور کبھی کچھ اور ہوگا۔

(فائدہ) مثبت کو مثبت میں جمع کرنے کا طریقہ ظاہر ہے کہ دونوں کو جمع کیجئے اور حاصل جمع کا عدد مثبت مانیے مثلاً مثبت پندرہ میں مثبت بارہ جمع کرنا ہو تو حاصل جمع مثبت (۲۷) ہوگا اور منفی کو منفی میں جمع کرنیکا طریقہ بھی یہی ہے کہ دونوں کو جمع کیجئے لیکن حاصل جمع کا عدد منفی ہوگا مثلاً منفی پندرہ میں منفی بارہ جمع کرنا ہو تو حاصل جمع منفی (۲۷) ہوگا۔ اور منفی کو مثبت میں جمع کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ ان دونوں میں سے جو عدد بڑا ہو اوسکو اوپر لکھئے اور جو عدد چھوٹا ہو اوس کو نیچے لکھئے پھر بڑے عدد میں سے چھوٹے عدد کو گھٹائیے جو حاصل تفریق ہو وہی دونوں کا حاصل جمع ہے لیکن بڑا عدد اگر مثبت ہو تو حاصل جمع کا عدد مثبت ہوگا اور اگر بڑا عدد منفی ہو تو حاصل جمع کا عدد منفی ہوگا مثلاً مثبت پندرہ میں منفی بارہ جمع کرنا ہو تو حاصل جمع مثبت تین ہوگا اور منفی پندرہ میں مثبت بارہ جمع کرنا ہو تو حاصل جمع منفی تین ہوگا۔

(تنبیہ) خطوط عشرہ میں نسبت جاننے والا اس قاعدہ کو مختلف طریقوں سے عمل میں لاسکتا ہے

چھٹا قاعدہ

صرف طلوع نجومی اور صرف غروب نجومی کیلئے ایک قاعدہ یہ ہے کہ لبعد تحتانی کا کو سائن اور عرض البلد کا سیکنٹ اور میل شمس کا سیکنٹ تینوں کو جمع کیجئے اور حاصل جمع کا نام مجموعۂ ثلاثہ رکھئے پھر تفصیلی جدول اوقات سے مجموعۂ ثلاثہ کا مقیاس ٹائم معلوم کیجئے اس کے بعد تعدیل ایام اور تعدیل مروج ٹائم بڑھانے یا گھٹانے کا عمل کیجئے جس طرح کہ نصف النہار کے قاعدہ میں گزرا ہے ملاحظہ ہو مثال نمبر ۳۶، نمبر ۳۷

(تنبیہ) خطوط عشرہ میں نسبت جاننے والا اس قاعدہ کو مختلف طریقوں سے عمل میں لاسکتا ہے

(فائدہ) طلوع عرفی اور طلوع شرعی کا معنی یہ ہے کہ قرص آفتاب کا کوئی جز افق شرقی پر ہو اور طلوع نجومی کا معنی یہ ہے کہ قرص آفتاب کا نصف حصہ افق شرقی سے اوپر اور نصف حصہ افق شرقی سے نیچے ہو، لہٰذا طلوع نجومی ہمیشہ طلوع عرفی اور طلوع شرعی سے موخر ہوگا۔ اسی طرح غروب عرفی اور غروب شرعی کا معنی یہ ہے کہ قرص آفتاب پورا افق غربی سے نیچے ہو جائے اور غروب نجومی کا معنی یہ ہے کہ قرص آفتاب کا نصف حصہ افق غربی سے اوپر اور نصف حصہ افق غربی سے نیچے ہو، لہٰذا غروب نجومی ہمیشہ غروب عرفی اور غروب شرعی سے مقدم ہوگا۔ اس سے بات سمجھ میں آتی ہے کہ طلوع نجومی کے وقت سے کچھ گھٹا کر طلوع عرفی اور طلوع شرعی کا وقت معلوم ہو سکتا ہے اسی طرح

غروب نجومی کے وقت پر کچھ بڑھا کر غروب عرفی اور غروب شرعی کا وقت معلوم ہو سکتا ہے۔ اب رہا یہ کہ طلوع نجومی کے وقت سے کتنا گھٹانے پر طلوع عرفی اور طلوع شرعی کا وقت معلوم ہوگا اور غروب نجومی کے وقت پر کتنا بڑھانے سے غروب عرفی اور غروب شرعی کا وقت معلوم ہوگا تو (۳۵) درجہ عرض البلد تک طلوع نجومی کے وقت سے تقریباً چار منٹ گھٹانے پر طلوع عرفی اور طلوع شرعی کا وقت معلوم ہوتا ہے اور غروب نجومی کے وقت پر تقریباً چار منٹ بڑھانے سے غروب عرفی اور غروب شرعی کا وقت معلوم ہو جاتا ہے۔ اور (۳۵) درجہ عرض البلد سے پچاس درجہ عرض البلد تک ہر مہینے کی ۸ تاریخ اور ۲۴ تاریخ کو طلوع عرفی و شرعی اور غروب عرفی و شرعی کا وقت پہلے یا دوسرے قاعدے سے یا کسی اور قاعدہ سے معلوم کریں اور ان دو تاریخوں میں طلوع نجومی و غروب نجومی کا وقت بھی معلوم کریں۔ پھر دونوں میں فرق دیکھیں جتنا تفاوت ۸ تاریخ کو ہو اوس قدر تفاوت پہلی تاریخ سے ۱۵ تاریخ تک طلوع نجومی و غروب نجومی میں کر لیا کریں اسی طرح جتنا تفاوت ۲۴ تاریخ کو ہو اوس قدر تفاوت ۱۶ تاریخ سے آخر مہینہ تک کر لیا کریں۔ اور پچاس درجہ عرض البلد سے لیکر (۶۵) درجہ عرض البلد تک کیلئے ہر مہینے کی پانچ تاریخوں میں تفاوت معلوم کرنا چاہیئے۔ ۳، ۹، ۱۵، ۲۱، ۲۷۔ اور جتنا تفاوت ۳ تاریخ کو ہو اوس قدر تفاوت پہلی تاریخ سے ۶ تاریخ تک کر لیا کریں اور جتنا تفاوت ۹ تاریخ کو ہو اتنا تفاوت ۶ تاریخ سے ۱۲ تاریخ تک کر لیا کریں۔ و علیٰ ہذا القیاس

ساتواں قاعدہ صرف طلوع نجومی اور صرف غروب نجومی کیلئے ایک قاعدہ یہ بھی ہے کہ عرض البلد کا ٹینجنٹ اور میل شمس کا ٹینجنٹ جمع کیجئے اور حاصل جمع کی قوس جدول سائن سے لیکر درجہ کو منٹ اور دقیقہ کو سکنڈ مان کر چار میں ضرب دیجئے پھر حاصل ضرب پر چھ ساعت بڑھائیے تو میل[1] موافق کے غروب اور میل مخالف کے طلوع کا مقیاس ٹائم ہوگا اور چھ ساعت میں سے حاصل ضرب کو گھٹائیے تو میل موافق کے طلوع اور میل مخالف کے غروب کا مقیاس ٹائم ہوگا۔ ملاحظہ ہو مثال ۳۸، ۳۹

(فائدہ) جب غروب کا مقیاس ٹائم معلوم ہو تو اس کا تمام بارہ گھنٹے تک لینے پر طلوع کا مقیاس ٹائم ہوگا اسی طرح طلوع کا مقیاس ٹائم معلوم ہو تو اس کا تمام بارہ گھنٹہ تک لینے پر غروب کا مقیاس ٹائم ہوگا۔

(فائدہ) ساتویں قاعدہ کو امام اہلسنت اعلیٰحضرت فاضل بریلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک شعر میں

---

[1] قولہ میل موافق یعنی عرض البلد شمالی ہو اور میل شمس بھی شمالی ہو تو اس میل کو میل موافق سے تعبیر کرتے ہیں اسی طرح عرض البلد جنوبی ہو اور میل شمس بھی جنوبی ہو تو اسکو بھی میل موافق کہتے ہیں اور عرض البلد اگر شمالی ہو اور میل شمس جنوبی ہو یا اس کے برعکس تو اسکو میل مخالف کہتے ہیں ۱۲

اس طرح بیان کیا ہے.

سہ ظلِ میل جز بظل عرض زن ؛ جیب تعدیل النہار آمد بدست

(تنبیہ) خطوط عشرہ بیں نسبت جاننے والا اس قاعدہ کو بھی مختلف طریقوں سے عمل میں لا سکتا ہے.

(فائدہ) چھٹے اور ساتویں قاعدہ کے ذریعے ایک عمل سے چار دن کے طلوع وغروب معلوم ہوجاتے ہیں میل موافق کے دو دن اور میل مخالف کے دو دن یعنی تین برجوں کا طلوع وغروب معلوم کرنے سے بارہ برجوں کا طلوع وغروب معلوم ہوجاتا ہے.

ضحوہ کبریٰ

صبح صادق وغروب آفتاب کے اوقات معلوم کیجئے. پھر ان دونوں کے اوقات کو جمع کر کے تنصیف کیجئے. اور نصف پر چھ گھنٹہ بڑھا دیجئے. (یا) صبح صادق اور غروب آفتاب کے اوقات پر بارہ گھنٹہ بڑھا کر تنصیف کیجئے.

سمتِ قبلہ

پہلا قاعدہ

فصلِ طول[ا] کے کوسائن میں عرض مکہ مکرمہ کا کوٹینج (۱۰۰۴۰۶۲۵) جمع کیجئے اور حاصل جمع کو جدول کوٹینج میں مقوس کیجئے. اور قوس کا نام عرض موقع رکھیئے. عرض موقع عرض البلد سے زائد ہو تو انحراف شمالی ہوگا. یعنی نقطۂ مغرب سے شمال کی طرف جھکا ہوگا. اور اگر عرض موقع عرض البلد سے کم ہو تو انحراف جنوبی ہوگا. یعنی نقطۂ مغرب سے جنوب کی طرف جھکا ہوگا. اور برابر ہو تو انحراف اصلاً نہ ہوگا اب عرض البلد اور عرض موقع کا تفاضل نکالیئے. اور اس کا نام تفاضل عرضین رکھیئے. پھر عرض موقع کا کوسائن اور فصلِ طول کا ٹینج اور تفاضل عرضین کا سیکنٹ جمع کیجئے. اور حاصل جمع کا نام مجموعہ ثلاثہ رکھیئے. پھر مجموعہ ثلاثہ کو جدول ٹینج میں مقوس کیجئے. تو یہ قوس [illegible] انحراف ہے. (یا) عرض موقع کا کوسائن اور فصلِ طول کا ٹینج جمع کیجئے. اور حاصل [illegible] میں سے تفاضل عرضین کا سائن کم کیجئے. پھر حاصل تفریق کو جدول کوٹینج میں مقوس کیجئے. تو یہ قوس قدر انحراف ہے [illegible] مثال [illegible]

[ا] قولہ فصل طول یعنی مکہ معظمہ کے طول البلد اور مقام مطلوب کے طول البلد کا فرق. قولہ تفاضل نکالیئے اس طرح کہ بڑے عدد میں سے چھوٹا عدد کم کیجئے.

دوسرا قاعدہ

فصل طول کے سائن میں عرض مکہ مکرمہ کا کوسائن (۹٫۹۶۸۹۲۶۲) جمع کیجیے اور حاصل جمع کا نام محفوظ اول رکھئے۔ پھر محفوظ اول کو جدول کو سائن میں مقوس کیجئے۔ اور اس قوس کا نام محفوظ ثانی رکھیے۔ پھر سائن عرض مکہ مکرمہ (۹٫۵۶۲۴۶۸۵) میں محفوظ ثانی کا کوسیکنٹ جمع کیجیے۔ اور حاصل جمع کو جدول سائن میں مقوس کر کے قوس کا نام عرض موقع رکھیے (یا) عرض مکہ مکرمہ کے سائن (۹٫۵۶۲۴۶۸۵) میں سے محفوظ ثانی کا سائن کم کیجیے۔ اور حاصل تفریق کو جدول سائن میں مقوس کر کے قوس کا نام عرض موقع رکھیے۔ عرض موقع اگر عرض البلد سے زائد ہو تو انحراف شمالی ہوگا۔ یعنی نقطہ مغرب سے شمال کی طرف جھکنا ہوگا۔ اور اگر عرض موقع عرض البلد سے کم ہو تو انحراف جنوبی ہوگا۔ یعنی نقطہ مغرب سے جنوب کی طرف جھکنا ہوگا۔ اور برابر ہو تو انحراف اصلا نہ ہوگا۔ اب عرض موقع کو تمام[1] عرض البلد میں جمع کیجیے۔ اور حاصل جمع کا نام محفوظ ثالث رکھیے۔ پھر محفوظ ثانی کا سائن اور محفوظ ثالث کا سائن جمع کیجیے۔ اور حاصل جمع کو جدول کسائن میں مقوس کیجیے۔ اور اس قوس کا نام محفوظ رابع رکھیے۔ (یہ مکہ مکرمہ سے اوس بلد کا فاصلہ ہے) پھر محفوظ اول میں محفوظ رابع کا کوسیکنٹ جمع کیجیے اور حاصل جمع کو جدول کوسائن میں مقوس کیجیے۔ (یا) محفوظ اول میں سے محفوظ رابع کا سائن کر کے جدول کو سائن میں مقوس کیجیے تو یہ قوس قدر انحراف ہے ملاحظہ ہو مثال ۴۲ تا ۴۳

تیسرا قاعدہ

تمام عرض مکہ مکرمہ کو تمام عرض البلد میں جمع کر کے تنصیف کیجیے۔ اور نصف کا نام نصف التمامین رکھیے۔ پھر تمام عرض مکہ میں سے تمام عرض البلد گھٹائیے اور حاصل التفریق کی تنصیف کیجیے۔ اور نصف کا نام نصف الفرق رکھیے۔ اوس کے بعد کوٹینج نصف فصل طول اور کوسیکنٹ نصف التمامین اور سائن نصف الفرق جمع کیجیے۔ اور حاصل جمع کو جدول ٹینج میں مقوس کر کے قوس کا نام محفوظ اول رکھیے۔ اب کوٹینج نصف فصل طول اور سیکنٹ نصف التمامین اور کوسائن نصف الفرق کو جمع کیجیے۔ اور حاصل جمع کو جدول ٹینج میں مقوس کر کے قوس کا نام محفوظ ثانی رکھیے۔ اوس کے بعد دونوں محفوظ کو جمع کیجیے۔ تو حاصل جمع نقطہ شمال سے جنوب کی طرف قدر انحراف ہوگا۔ (یا) کوٹینج نصف فصل طول اور سائن نصف الفرق کو جمع کر کے حاصل جمع میں سے سائن نصف التمامین کم کیجیے۔ اور حاصل تفریق کو جدول ٹینج میں مقوس کر کے قوس کا نام محفوظ اول رکھیے۔ اور کوٹینج نصف فصل طول [illegible] کوسائن نصف الفرق کو جمع کر کے حاصل جمع میں سے کوسائن نصف التمامین کم کیجیے اور حاصل تفریق کو جدول ٹینج میں مقوس کر کے قوس کا نام محفوظ ثانی رکھیے۔ اوس کے بعد دونوں محفوظ جمع کیجیے۔ تو حاصل جمع نقطہ شمال سے جنوب کی

---

[1] قولہ تمام عرض البلد نوے درجے میں سے عرض البلد کو گھٹانے پر جو باقی بچے وہ تمام عرض البلد کہلاتا ہے۔

طرف انحراف ہوگا ملاحظہ ہو مثال ۴۴ و ۴۵

چوتھا قاعدہ

عرض مکہ مکرمہ کا ٹینج اور عرض البلد کا کوسائن اور فصل طول کا کوسیکنٹ جمع کیجیے۔ اور حاصل جمع کو عدد اصلی کی طرف تحویل کیجیے۔ اور اس کا نام تحویل اول رکھیے۔ (یا) عرض مکہ مکرمہ کا ٹینج اور عرض البلد کا کوسائن، جمع کیجیے۔ اور حاصل جمع میں سے فصل طول کا سائن کم کر کے عدد اصلی کی طرف تحویل کیجیے۔ اور اس کا نام، تحویل اول رکھیے۔ اس کے بعد عرض البلد کے سائن میں فصل طول کا کوٹینج جمع کر کے حاصل جمع کو عدد اصلی کی طرف تحویل کیجیے اور اس کا نام تحویل ثانی رکھیے۔ تحویل ثانی اگر تحویل اول سے زائد ہو تو انحراف جنوبی ہوگا۔ یعنی نقطہ مغرب سے جنوب کی طرف جھکا ہوگا۔ اور اگر تحویل ثانی تحویل اول سے کم ہو تو انحراف شمالی، ہوگا یعنی نقطہ مغرب سے شمال کی طرف جھکا ہوگا۔ اور اگر دونوں برابر ہوں تو انحراف اصلا نہ ہوگا۔ اب تحویل اول وتحویل ثانی کا تفاضل[1] نکالیے۔ اور اس کا نام تفاضل ہی رکھ لیجیے۔ اس کے بعد تفاضل کا لوگارتم لیجیے۔ اور اس کو جدول سائن میں مقوس کیجیے۔ تو یہ قوس قدر انحراف ہے ملاحظہ ہو مثال ۴۶ و ۴۷

پانچواں قاعدہ

عرض مکہ مکرمہ کے ٹینج میں عرض البلد کا کوسائن جمع کر کے حاصل جمع کو عدد اصلی کی طرف تحویل کیجیے۔ اور اس کا نام تحویل اول رکھیے۔ پھر عرض البلد کے سائن میں فصل طول کا کوسائن جمع کر کے عدد اصلی کی طرف، تحویل کیجیے۔ اور اس کا نام تحویل ثانی رکھیے۔ تحویل ثانی اگر تحویل اول سے زائد ہو تو انحراف جنوبی ہوگا یعنی نقطہ، مغرب سے جنوب کی طرف جھکا ہوگا۔ اور اگر تحویل ثانی تحویل اول سے کم ہو تو انحراف شمالی ہوگا۔ یعنی نقطہ، مغرب سے شمال کی طرف جھکا ہوگا۔ اور اگر دونوں برابر ہوں تو انحراف اصلا نہ ہوگا۔ اب تحویل اول اور تحویل، ثانی کا تفاضل نکالیے۔ اور اس کا نام تفاضل ہی رکھیے۔ اس کے بعد تفاضل کا لوگارتم لیجیے۔ پھر اس لوگارتم میں فصل طول کا کوسیکنٹ جمع کیجیے۔ اس کے بعد حاصل جمع کو جدول سائن میں مقوس کیجیے۔ تو یہ قوس قدر انحراف ہے (یا) تفاضل کے لوگارتم میں سے فصل طول کا سائن کم کیجیے۔ اور باقی کو جدول سائن میں مقوس کیجیے۔ تو یہ قوس، قدر انحراف ہے۔ ملاحظہ ہو مثال ۴۸ و ۴۹

---

[1] قولہ تفاضل نکالیے اس طرح کہ بڑے عدد میں سے چھوٹا عدد گھٹائیے۔

سمت قبلہ دریافت کرنے کا عملی طریقہ

زمین ہموار کر کے بیچ میں ایک کھونٹی بالکل سیدھی گاڑ دیجئے تو جس جگہ کا طول البلد شرقی (۳۰ درجہ ۱۰ دقیقہ) سے کم ہو یا طول البلد غربی (۴۹ درجہ ۵ دقیقہ) سے کم ہو وہاں ۲۸ مئی کو گرینچ ٹائم سے ۱۲ بجے کے نو بجکر ۱۶ منٹ یا ۱۷ منٹ پر اور ۱۶ جولائی کو گرینچ ٹائم سے صبح کے ۹ بجکر ۲۵ منٹ یا ۲۶ منٹ پر اس کھونٹی کا سایہ سمت قبلہ بتائے گا۔ یعنی اس کھونٹی کے سایہ کے کنارے پر کھڑے ہو کر کھونٹی کی طرف رخ کر لیجئے۔ تو مکہ معظمہ آپ کے سامنے ہوگا۔

(فائدہ) چونکہ پاکستان کا ٹائم گرینچ ٹائم سے پانچ گھنٹہ آگے ہے اس لئے گرینچ ٹائم سے نو بجے پاکستانی ٹائم سے دو بجتے ہیں اور ہندوستان کا ٹائم گرینچ ٹائم سے ساڑھے پانچ گھنٹہ آگے ہے۔ اس لئے گرینچ ٹائم سے نو بجے ہندوستانی ٹائم سے ڈھائی بجتے ہیں۔

فوائد نافعہ

۱:- ہموار زمین کی بہ نسبت اونچی جگہ پر طلوع آفتاب کچھ پہلے اور غروب آفتاب کچھ پیچھے ہوتا ہے۔ اس سے پہلے جو قواعد مذکور ہوئے ہیں۔ وہ ہموار زمین سے متعلق ہیں۔ اس لئے بلندی کے سبب طلوع و غروب میں فرق کی مقدار لکھی جاتی ہے۔ سو فٹ بلندی پر فرق پون منٹ یعنی طلوع آفتاب پون منٹ پہلے اور غروب آفتاب پون منٹ بعد۔ پانچ سو فٹ بلندی پر فرق پورے دو منٹ اور ہزار فٹ بلندی پر فرق پونے تین منٹ۔ اور دو ہزار فٹ بلندی پر فرق ساڑھے تین منٹ اور تین ہزار فٹ بلندی پر فرق ساڑھے چار منٹ۔ اور چار ہزار فٹ بلندی پر فرق سوا پانچ منٹ اور پانچ ہزار فٹ بلندی پر فرق ساڑھے پانچ منٹ اور چھ ہزار فٹ بلندی پر فرق پورے سات منٹ۔ اور دس ہزار فٹ بلندی پر فرق پورے آٹھ منٹ۔ اور بارہ ہزار فٹ بلندی پر فرق ۹ منٹ اور پندرہ ہزار فٹ بلندی پر فرق ساڑھے ۱ منٹ اور بیس ہزار فٹ بلندی پر فرق سوا گیارہ منٹ اور پچیس ہزار فٹ بلندی پر فرق ساڑھے بارہ منٹ اور تیس ہزار فٹ بلندی پر فرق ساڑھے تیرہ منٹ اور پینتیس ہزار فٹ بلندی پر فرق ساڑھے چودہ منٹ اور چالیس ہزار فٹ بلندی پر فرق ساڑھے پندرہ منٹ اور پینتالیس ہزار فٹ بلندی پر فرق ساڑھے سولہ منٹ اور پچاس ہزار فٹ کی بلندی پر فرق سوا سترہ منٹ اور پچپن ہزار فٹ کی بلندی پر فرق پورے اٹھارہ منٹ اور ساٹھ ہزار فٹ بلندی پر فرق پونے انیس منٹ۔ صبح صادق اور عشاء اور مثل اول و مثل ثانی کے اوقات میں بلندی کے سبب کوئی خاص فرق نہیں پڑتا ہوائی جہاز میں سفر کرنے والوں کو جب پرواز کی

بلندی کا علم ہو تو طلوع و غروب کا وقت حساب کر کے معلوم کر سکتے ہیں اور طلوع و غروب کے علاوہ دیگر اوقات کے
کے دریافت کے لیئے پرواز کی بلندی کا علم ضروری نہیں۔

۲ :- میل شمس ہر سال کا جدا گانہ ہوتا ہے۔ اس کتاب میں جو میل شمس درج ہے وہ کسی مخصوص سال کا میل ہے۔ ایک سال گزرنے پر دوسرے سال میل شمس میں کچھ نہ کچھ فرق ضرور پڑ جاتا ہے۔ لیکن چار سال کے بعد سنہ کبیسہ میں تقریباً اپنی پہلی حالت پر آجاتا ہے۔ اس لیئے زیادہ بہتر یہ ہے کہ ہر سال کا میل شمس المنیک[1] وغیرہ سے معلوم کر لیا کریں اور یہ بتا دینا بھی مناسب ہے کہ اس کتاب میں جو میل شمس درج ہے وہ پاکستانی ٹائم سے پانچ بجے شام کے وقت کا میل شمس ہے۔ عموماً اسی وقت کے میل شمس کو طلوع و غروب بلکہ تمام اوقات کے استخراج کے لیئے کام میں لاتے ہیں۔
لیکن اگر تدقیق چاہیں تو ہر وقت کے لیئے جدا جدا[2] میل شمس حساب کے ذریعے معلوم کریں۔ مثلاً یکم اپریل کو میل شمس چار درجہ گیارہ دقیقہ ہے۔ اور ۲ اپریل کو ۴ درجہ ۳۴ دقیقہ، تو چوبیس گھنٹے میں ۲۳ دقیقہ میل متزائد ہے۔ یعنی ایک گھنٹے میں تقریباً ایک دقیقہ زائد۔ اس لیئے یکم اپریل کو پاکستانی ٹائم سے آٹھ بجے رات کے وقت میل شمس تقریباً چار درجہ چودہ دقیقہ ہے۔ اور یکم مارچ کو میل شمس سات درجہ ۵۶ دقیقہ ہے۔ اور ۲ مارچ کو سات درجہ ۳۴ دقیقہ۔ تو چوبیس گھنٹے میں ۲۲ دقیقہ میل متناقص ہے۔ یعنی ایک گھنٹے میں تقریباً ایک دقیقہ کم۔ اس لیئے یکم مارچ کو پاکستانی ٹائم سے آٹھ بجے رات کے وقت میل شمس تقریباً سات درجہ ۵۲ دقیقہ ہے۔ وعلیٰ ہذا القیاس۔ مگر یہ کوہ کندن اور کاہ برآوردن کے برابر ہے۔ کیونکہ ایسا کرنے سے اور نہ کرنے سے اوقات مستخرجہ میں صرف چند سیکنڈوں کا فرق ہوتا ہے۔ البتہ جس مقام کا عرض البلد ۳۵ درجہ سے زیادہ ہو، اوس مقام کے صبح و شام کے لیئے میل شمس جدا جدا لینا ضروری ہے۔

۳ :- میل شمس کی طرح ہر ساعت کی تعدیل ایام بھی جداگانہ ہوتی ہے۔ اس کتاب میں ہر تاریخ کی دو ساعتوں کی تعدیل درج ہے۔ ایک تو پاکستانی ٹائم سے پانچ بجے صبح کے وقت کی تعدیل ہے۔ جو تعدیل بوقت طلوع، کے عنوان کے نیچے درج ہے۔ اور ایک پاکستانی وقت سے پانچ بجے شام کے وقت کی تعدیل ہے۔ جو تعدیل بوقت غروب کے عنوان کے نیچے درج ہے۔ صبح صادق اور طلوع آفتاب کے لیئے پانچ بجے صبح کے وقت کی تعدیل کو کام میں لاتے ہیں اور دیگر اوقات کے لیئے پانچ بجے شام کے وقت کی تعدیل کو کام میں لاتے ہیں۔

۴ :- سائن اور سیکنٹ وغیرہ کی جدولوں میں صرف نوے درجے تک درج ہے۔ اگر ۹۰ درجے سے زیادہ کا سائن یا سیکنٹ وغیرہ معلوم کرنا ہو تو اوس کا طریقہ یہ ہے کہ ایک سو اسّی درجے میں سے اوس کو گھٹائیے۔

[1] قولہ المنیک ایک رسالہ ہے جو ہر سال گرینچ سے جہازرانی وغیرہ کے لیئے نکلتا ہے ۱۲۔ [2] قولہ جدا جدا یعنی اوس مقام کے صبح کے وقت کا میل اوس مقام کے صبح اور طلوع آفتاب کے لیئے کام میں لائیں۔ اور اوس مقام کے شام کا میل اوس مقام کے مثل اول و مثل ثانی اور غروب آفتاب نیز عشاء کے لیئے کام میں لائیں ۱۲ منہ

